25/01/2025

09.20 AM(5 min)

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سید مبشر رفائی سے خبریں سُنئے

صدر جمہوریہ

صدر جمہوریہ درووپدی مرمو یوم جمہوریہ کے سلسلے میں آج شام سات بجے قوم سے خطاب کریں گی ۔ صدر جمہوریہ کے اس خطاب کو آکاشوانی اور دور درشن کے پورے نیٹ ورک پر نشر کیا جائے گا ۔ ہندی نشریے کے بعد خطاب کا انگریزی نشریہ پیش ہو گا ۔ اس کے فوراً بعد دوردرشن کی سبھی چینلوں پر صدر جمہوریہ کے خطاب کا علاقائی زبانوں میں ترجمہ نشر ہو گا ۔ آکاشوانی کے علاقائی نیٹ ورک پر خطاب کا ترجمہ رات ساڑھے نو بجے نشر کیا جائے گا ۔

صدر جمہوریہ کے خطاب کے پیش نظر آکاشوانی سرینگر سے مقامی خبروں کے کشمیری اور اردو بلیٹن ب□ترتیب شام ساڑھے چھ بجے اور چھ بج کر 40 منٹ پر نشر ہوں گے۔ اس کے علاوہ کشمیری زبان میں نشر ہونے والا خبروں کا قومی بلیٹن آج شام سوا چھ بجے نشر ہو گا ۔

یوم جمہوریہ پریڈ

اس برس نئی د□ی میں منعقد ہونے و□ی یوم جمہوریہ کی پریڈ کا مشاہدہ کرنے کیلئے ملک کے مختلف حصوں سے تعلق رکھنے و□ے دس ہزار ایسے خصوصی مہمانوں کو مدعو کیا گیا ہے، جنہوں نے سماج اور قوم کے تئیں اپنی بے□وث خدمات انجام دی ہیں۔

ان میں کشمیر سے تعلق رکھنے و□ے چا□یس افراد بھی شامل ہیں۔ان افراد میں سے کچھ ایک نے آکاشوانی شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنے خیالا ت کا کچھ اس طرح اظہار کیا ۔

قومی ووٹرز ڈے

آج ملک بھر میں15 واں قومی ووٹرز ڈے منایا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں ملک بھر میں کئی پروگرام منعقد کئے جا رہے ہیں ۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نئی د□ی میں مرکزی تقریب میں شرکت کریں گی۔

اس سال کا موضوع ہے" Nothing like Voting- I vote for Sure "-،

منوج سنہا

"Mountain Goddesses: Finding Feminine Power from an UNexpected Place "لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کل جموں میں نامی کتاب کی رسم رونمائی انجام دی .اس کتاب کو تصنیف کرنے پر ایل جی نے مصنفہ منو کھجوریہ سنگھ کو مبارک باد دی ۔

شب معراج

ماہِ رجب کی 26 اور 27 تاریخ کی درمیانی شب کو شب معراج کی تقریب عقیدت کے ساتھ منائی جا رہی ہے ۔ اس سلسلے میں حکومتی سطح پر انتظامات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے ۔

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے آثار شریف درگاہ حضرت بل کا دورہ کرکے وہاں اس سلسلے میں کئے جا رہے انتظامات کا جائزہ لیا ۔ وزیر اعلیٰ کے مشیرناصر اسلم وانی ، ڈویژنل کمشنر کشمیر وی کے بدھوری ، ڈی سی سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ اور کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے ۔

باقی اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں نے اس سلسلے میں کی جا رہی تیاریوں کا جائزہ لیا ۔

چیف سکریٹری

چیف سکریٹری اٹل ڈلو نے دیہی ترقی محکمہ کی میٹنگ میں جموں کشمیر کے تمام علاقوں میں سوچھ بھارت مشن-گرامین کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ چیف سکریٹری نے دیہی صفائی ستھرائی کے محکمہ کی طرف سے بنائے گئے کمیونٹی اثاثوں کی باقاعدہ نگرانی کی اہمیت پر زور دیا.

ریل

شمالی ریلویز کی طر ف سے آج کٹرہ سے سرینگر تک وندے بھارت ریل گاڑی کا ٹرائل رن منعقد کیا جا رہا ہے ۔ اس حوالے سے نادرن ریلویز کے چیف پبلک ریلیشنز آفیسرہِمانشو اُپادھیائے نے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا.

پولیس

ڈرگ سمگلروں کے خلاف کاروائی جاری رکھتے ہوئے پولیس نے دس افراد کی گرفتاری عمل میں لائی ہے ۔ تفصیلات کے مطابق پولیس نے کھنہ بل کے زبیر ڈار ، ارن ہال کے مظفر ڈار ،

اننت ناگ عمر گنائی ، چک پوش کریری کے محمد شفیع گنائی ، تجر سوپور کے عبدالحمیدون ، بہرام پورہ کے شبیر احمد گنائی ، ترہگام کے عاشق موچی ، پٹن کے شوکت احمد بٹ ،اچھہ بل کے سہیل بٹ اور اچھہ بل کے معراج الدین شیخ کو حراست میںیا ہے ۔ ان کے قبضے سے نشیلی ادویات کی ایک بڑی مقدار ضبط کی ہے ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کیلئے کھلی ہے۔

اُدھرسونہ مرگ -کرگل روڑ//بھدرواہ-چھمبا روڈ/مغل روڈ اورسنتھن روڈ ٹریفک کےئے بند ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 4 اعشاریہ 1 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت5 اعشاریہ 3 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ